باب 6

# صحیح اعداد

# (Integers)

## 6.1 تعارف (Introduction)



سنیتا کی ماں کے پاس 8 کیلے ہیں سنیتا اپنی دوستوں کے ساتھ پکنک پر جارہی ہے وہ اپنے ساتھ 10 کیلے لے کر جانا چاہتی ہے۔کیا اس کی ماں اس کو 10 کیلے دے سکتی ہے؟ اس کے پاس تو اتنے کیلے نہیں ہیں وہ اپنے پڑوسی سے 2 کیلے ادھار لیتی ہے یہ کہہ کر کہ جلدی ہی لوٹادے گی۔ سنیتا کو دس کیلے دینے کے بعد اس کی ماں کے پاس کتنے کیلے بچے؟ کیا ہم کہہ سکتے ہیں کہ اس کے پاس صفر (Zero) کیلے بچے؟ اب اس کے پاس ایک بھی کیلا نہیں ہے مگر اس کو 2 کیلے اپنے پڑوسی کو واپس بھی کرنے ہیں۔ اس لیے جب وہ اور کیلے لائے گی یہ مان لیجیے 6 کیلے اور لاتی ہے تو 2 کیلے واپس کرنے کے بعد اس کے پاس 4 کیلے باقی بچ جائیں گے۔

رونالڈ ایک پین خریدنے کے لیے بازار گیا اس کے پاس کل 12 روپے ہیں مگر ایک پین کی قیمت 15 روپے ہے دکاندار نے پین تو اس کو دے دیا لیکن باقی 3 روپے رونالڈ کے نام کے آگے یادداشت کے طور پر لکھ لیے مگر وہ یہ کیسے یاد رکھے گا کہ 3 روپے رونالڈ سے لینے ہیں یا اس کو دینے ہیں کیا وہ اس رقم کو کسی خاص رنگ یا خاص علامت کے ذریعہ ظاہر کرسکتا ہے؟

روچیکا اور سلمہ ایک کھیل کھیل رہی ہیں۔ اس کھیل میں ان کے پاس گنتی لکھی ہوئی ایک پٹی ہے جس پر برابر برابر فاصلہ سے 0 سے لے کر 25 تک گنتی لکھی ہوئی ہے۔

© NCERT not to be republished